Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

DUA · ISTEKHARA

Istekhara

استخارہ

In this chapter, we will discuss such points which will enlighten our eyes and give a sense of peace to the hearts of the respected readers. Breezes from a hidden world which will result in obtaining The Keys to Relief 3 and attaining the position of Illumination 4 and will provide you with the power and capability for Opening the Doors that were shut. Almighty Allah granted this favour upon us so that we attain Guidance of the Seekers of Truth 6. And those narrations that have been narrated from the Master and Leader of the Material and Spiritual World regarding Istekhara 7 will be mentioned here for the Guidance of those who seek guidance. And if you are among those who have interest, these are the Keys of the Unseen 2 which are now in your hands. Take it and consider it a great opportunity. Though, its necessity is that you should learn the conditions of Istekhara in order to understand the Methods of the seeker of Istekhara and make use of the Hidden Keys and the Lamps of Revelation. As Istekhara is also a form of supplication, and we have mentioned the ethics of supplication in the book's preface, you may refer to the Preface to gain additional information regarding it. The following points should be mentioned with the intention of emphasising on this issue:

اس حصہ میں ایسے مطالب بیان کروں گا پڑھنے والوں کی آنکھیں روشن اور ان کے دل کو غیبی خوشبو کے ساتھ آرام ہو تا کہ فرج اور کشائش کی چابی دریافت کر کے نور افشانی کے مقام پر پہنچائے اور بند دروازوں کو کھولنے پر قدرت رکھتا ہوں یہ وہ مطالب ہیں کہ خدا کی جانب سے بصیرت تلاش کرنے والوں کی راہنمائی کیلئے احسان ہوا ہے اے پڑھنے والے جو اس جہان مادی اور معنوی کے سرپرست اور ولی کی طرف سے بندوں کی راہنمائی کے لئے جو استخارہ قرار دیا ہے اس کو غنیمت شمار کریں اگر اس قسم کے مطالب جاننے کی تلاش میں ہو یہ آپ اور یہ چابیاں تمہارے ہاتھ میں ہیں اس کو پکڑ لو اور اس کو غنیمت شمار کرو اس میں شرط یہ ہے کہ استخارہ کی شرائط یاد کرلو اور استخارہ کے راستوں کو جان لے تا کہ پوشیدہ چابیوں اور وحی آسمانی کے چراغ سے استفادہ کرسکے اور جہاں استخارہ کرنا چاہتا ہے وہاں قسم قسم کی دعائیں ہیں اور ہم نے اس کے آداب اور شرائط کو تفصیل کے ساتھ بیان کیا ہے اس مقام پر مزید آگاہی کے لئے وہاں رجوع کریں مطلب کی اہمیت کے پیش نظر کہتا ہوں۔

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

One of the important issues which must be necessarily observed by a person who supplicates or performs Istekhara is the purification of heart from those things which result in the wrath of Allah, and one should obtain certainty and satisfaction because this is the very basis of supplication and seeking means. If Istekhara is performed observing its ethics and conditions, then it should be understood that holding the units of the beads is not in the hands of the one who seeks Istekhara but is in the hands of Allah himself, from whom the best is sought. Hence, if Istekhara is performed in the correct way, then the holding of beads, selection of one of the letters, or opening of one of the pages of Quran, all of these will be done by the will and choice of Allah, not by the choice and selection of the person seeking Istekhara; and if it is not performed as per the ethics and necessary conditions, then it will be reckoned valueless. Therefore, the seeker of Istekhara must clean his heart and gain certainty so that he becomes capable of turning towards Allah (swt); without certainty and satisfaction, his Istekhara will be worthless.

سب سے مہم چیز ہر دعا کرنے والے اور استخارہ کرنے والے کیلئے ضروری ہے کہ اس کی رعایت کرے وہ یہ ہے کہ اپنے دل کو ہر اس چیز سے پاکیزہ کرلے کہ جو خدا کے لئے ناراضگی کا موجب بنتا ہے یقین اور اطمینان حاصل کرنے میں کوشش کرے چونکہ یہی چیزیں دعا اور توسل کی بنیاد ہے اگر استخارہ کو آداب اور شرائط کے ساتھ انجام دے استخارہ کرنے والا اپنی مرضی سے ایک قبضہ تسبیح کا انتخاب نہیں کرتا ہے بلکہ خدا کے اختیار سے اس سے خیر طلب کرکے منتخب ہوجاتا ہے اس بناء پر اگر استخارہ صحیح طریقے پر انجام دیا جائے تسبیح کے ساتھ مٹھی میں لے لینا یا رقعوں کے ساتھ استخارہ کرنے میں ایک رقعہ کو انتخاب یا قرآن کے ساتھ استخارہ میں صفحہ کا انتخاب یہ سب خدائے تعالیٰ کے ہاتھ میں رہے اور تجھ کو اختیار نہیں ہے۔ اگر یہ آداب اور شرائط کے ساتھ نہ ہو تو اس قسم کے استخارہ کا کوئی فائدہ نہیں ہے۔ پس استخارہ کرنے والا اپنے دل کو ہر قسم کی پلیدگی سے پاک کرے اور یقین کی تلاش میں رہے تاکہ وہ خدائے تعالیٰ کی طرف توجہ کرسکے اور اگر استخارہ کرنے والے نے یہ ایمان اور یقین کے ساتھ نہ کیا ہو اس کے اس استخارہ کا کوئی اعتبار نہیں ہے۔

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

Honorable Sayyid, Ali bin Taoos, writes regarding the conditions of a few men that: A few common people do not have certainty and the power of cognition and satisfaction in their hearts towards the Owner of the Day of Resurrection; because their inner souls only accept the suggestion of someone they can witness by naked eyes and whom they are familiar with, and such a person should live between the people; and as we cannot witness Allah with naked eyes and such people cannot recognize him or gain familiarity with him, they remain deprived of obtaining the taste of relying upon Allah. Most importantly, they are so narrow-minded that they do not find any benefit in seeking the advice of Allah (swt). (One whose tongue is bitter, pure and clean water will also taste bitter to him). These are the ones whom Imam Ali (a) has described in one of his sermons saying: These disgraced and inferior men, may Allah not pay attention towards them, go after each and every voice and begin to show obedience towards it.

سید بزرگوار علی بن طاؤوس بعض لوگوں کے حالات کے بارے میں بتاتے ہیں عوام میں سے بعض لوگوں کے دل یقین سے خالی اور ان میں شناخت کی طاقت بھی نہیں ہے اور قیامت کے دن کے مالک پر عقیدہ بھی نہیں رکھتے ہیں چونکہ بعض لوگوں کی جان کو لوگوں کے مشورہ اور ان سے مانوس ہو کر آرام آتا ہے اور خداوند کو مشاہدہ نہیں کیا جاتا ہے اس لئے وہ خدا پر اعتماد کے لذت کو درک نہیں کرتے ہیں اور یہ تنگ نظری کی بناء پر ہے کہ خدا کے ساتھ مشورہ کرنے میں فائدہ نہیں جانتے ہیں: و مَن یکُ ذا فم مرّ مریض یجد مرّاً بہ الماء الزلالا۔ جس کا منہ کڑوا ہو اور بیمار ہو وہ پانی کے ذائقہ کو کڑوا خیال کرتا ہے یہ اس گروہ میں سے ہے کہ جن کی طرف ہمارے مولیٰ حضرت امیر المومنین علی علیہ السلام نے ایک عمدہ خطبہ کے ضمن میں فرمایا ہے: ھمجٌ رعاع، لا یعبأ اللہ بھم، أتباع کلّ ناعق و ناعقۃ، یہ مچھر کی طرح ضعیف ہیں خدا نے ان کی طرف توجہ نہیں کی ہے وہ ہر آواز کے پیچھے جاتے ہیں

Sayyid Ali bin Taaus said: I have found Istikharah among the supplication of the Prophet (peace be on him and his holy progeny) and the Imams (peace be on them) said that there is a divine power behind it. I have also found that Istikharah is among the mysteries of Allah. He discloses it to the Prophet (peace be on him and his progeny) when He ascends him to the Heaven. I have also found the latest form of Istikharah supplication from our master Al-Mahdi peace be upon him and his pure fathers. This is well-known for the learned ones.

سید بزرگوار علی بن طاؤوس فرماتے ہیں وہ دعائیں کہ جو استخارہ کے بارے میں پیغمبر اور ائمہ سے وارد ہوئی ہیں میں نے یہی سمجھا ہے ان حضرات نے استخارہ کو بہت زیادہ اہمیت دی ہے جہاں تک میں نے جو سمجھا ہے یہ ہے کہ استخارہ سب سے مہم ترین امور میں سے اور اسرار الٰہی کا ایک جزء ہے اور شب معراج حضرت پیغمبر کے لئے بیان ہوا ایک اور مطلب اس عملی کاوش میں جو میرے ہاتھ میں آیا ہے یہ ہے کہ حضرت حجت کی طرف سے آخری توقیع جو صادر ہوئی وہ دعائے استخارہ تھی۔

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

Printed from https://fzic.org/library/dua/istekhara-3734 — the devotional library of the Fatima Zahra Imamia Centre, 80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305. Free to read, copy and share.